47721 ـ خاوند و بیوی کے استمتاع کی حدود اور بیوی کا دودھ پینا

سوال

کیا جماع کے وقت بیوی کی چھاتی چوسنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

خاوند کے لیے بیوی سے کوئی بھی فائدہ اور خوشطبعی کرنا جائز ہے، صرف دبر میں دخول (یعنی پاخانہ والی جگہ کا استعمال) اور حیض و نفاس کی حالت میں بیوی سے جماع کرنا حرام ہے، اس کے علاوہ کچھ نہیں، خاوند جو چاہے کر سکتا ہے مثلا بوس و کنار اور معانقہ اور چھونا اور اسے دیکھنا وغیرہ.

حتی کہ اگر وہ بیوی کے پستان سے دودھ پی چوسے تو یہ مباح استمتاع میں شامل ہوتا ہے، اور اس پر دودھ کے اثرانداز ہونے کا نہیں کہا جا سکتا؛ کیونکہ بڑے شخص کی رضاعت حرمت میں مؤثر نہیں، بلکہ رضاعت تو دو برس کی عمر میں مؤثر ہوتی ہے.

مستقل فتوی کمیٹی کے علماء کا کہنا ہے:

" خاوند کے لیے اپنی بیوی کے سارے جسم سے فائدہ حاصل کرنا اور کھیلنا جائز ہے، صرف دبر (یعنی پاخانہ والی جگہ) اور حیض و نفاس میں جماع کرنا، اور حج و عمرہ کے احرام کی حالت میں جماع کرنا حرام ہے، حلال ہونے کے بعد کر سکتا ہے "

الشیخ عبد العزیز بن باز.

الشیخ عبد اللہ بن قعود.

فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (19 / 351 ـ 352).

اور فتوی کمیٹی کے علماء کا یہ بھی کہنا ہے:

" خاوند کے لیے بیوی کا پستان چوسنا جائز ہے، اس کے معدہ میں دودھ جانے سے حرمت واقع نہیں ہو جائیگی "

الشیخ عبد العزیز بن باز.

الشیخ عبد الرزاق عفیفی.

الشیخ عبد اللہ بن غدیان.

الشیخ عبد اللہ بن قعود.

اور شیخ محمد صالح العثیمین رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" بڑے شخص کی رضاعت مؤثرنہیں؛ کیونکہ مؤثر رضاعت تو دودھ چھڑانے سے قبل دو برس کی عمر میں پانچ یا اس سے زائد رضاعت دودھ پینا ہے، بڑے شخص کی رضاعت مؤثر نہیں ہو گی.

اس بنا پر اگر فرض کر لیا جائے کہ کوئی شخص اپنی بیوی کا دودھ پی لے یا اس کے پستان وکو چوسے لے تو وہ اس طرح اس کا بیٹا نہیں بن جائیگا "

دیکھیں: فتاوی اسلامیۃ (3 / 338).

اور رہا مسئلہ بیوی سے وہ استمتاع اور فائدہ حاصل کرنا جو ممنوع نہیں تو اس کے متعلق ہم ذیل میں اہل علم کے اقوال پیش کرتے ہیں:

ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" دخول کے بغیر سرینوں کے ساتھ لذت حاصل کرنے میں کوئی حرج نہیں؛ کیونکہ سنت نبویہ میں دبر کی حرمت وارد ہے اور وہ اس میں مخصوص ہے، اور اس لیے بھی کہ یہ گندگی کی بنا پر حرام کیا گیا ہے، اور یہ دبر (یعنی پاخانہ کرنے والی جگہ) کے ساتھ خاص ہے، اس لیے حرمت بھی اس کے ساتھ خاص ہوئی "

دیکھیں: المغنی ابن قدامہ (7 / 226).

اور الکاسانی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" صحیح نکاح کے احکام میں عورت کو زندگی میں سر سے لیکر پاؤں تك دیکھنا اور چھونا شامل ہے؛ کیونکہ وطئ اور جماع تو دیکھنے اور چھونے سے بھی اوپر ہے، اس لیے جماع اور وطئی کی حلت دیکھنے اور چھونے کے لیے بالاولی حلت ہو گی "

دیکھیں: بدائع الصنائع (2 / 231).

اور ابن عابدین کہتے ہیں:

" ابو یوسف نے ابو حنیفہ سے دریافت کیا کہ کوئی شخص اپنی بیوی کی شرمگاہ کو چھوئے اور بیوی خاوند کی شرمگاہ کو چھوئے تا کہ اس میں حرکت پیدا ہو تو کیا اس میں کوئی حرج ہے ؟

انہوں نے جواب دیا: نہیں، مجھے امید ہے کہ اس میں عظیم اجر ملے گا "

دیکھیں: رد المختار (6 / 367).

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مباح کو بیان کرتے ہوئے حائضہ عورت کی فرج میں دخول اور جماع کی حرمت بیان کرتے ہوئے اس کے علاوہ باقی جسم کو مباح قرار دیا ہے جو کہ حیض کی حالت کے علاوہ باقی حالت میں مباح ہونے کے لیے زیادہ واضح ہے.

شیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" قولہ: " و یستمتع بما دونہ " یعنی آدمی حائضہ عورت سے فرج کے علاوہ باقی جسم سے فائدہ اٹھا سکتا ہے.

اس لیے ازار یعنی چادر کے اوپر اور نیچے سے فائدہ حاصل کرنا جائز ہے، لیکن یہ ضروری ہے کہ عورت کو ازار ضرور باندھی ہو؛ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حیض کی حالت میں چادر باندھنے کا حکم دیتے اور پھر آپ ان سے مباشرت کرتے، اور آپ کا انہیں چادر اور لنگوٹ باندھنے کا حکم دینا اس لیے تھا کہ آپ اس حیض کے خون کے اثرات نہ دیکھ سکیں.

اور اگر خاوند چاہے تو مثلا دونوں رانوں کے درمیان سے بھی فائدہ حاصل کر سکتا ہے اس میں کوئی حرج نہیں.

اور اگر یہ کہا جائے کہ اس کا جواب کیا ہے:

جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ حیض کی حالت میں خاوند کے لیے بیوی سے کیا حلال ہے ؟ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" ازار اور لنگوٹ کے اوپر آپ کو حق ہے "

یہ اس کی دلیل ہے کہ استمتاع ازار اور لنگوٹ سے اوپر والے حصہ ہو گا ؟

تو اس کا جواب یہ ہے کہ:

1 ۔ یہ تنزہ یعنی صفائی و ستھرائی اور ممنوع سے اجتناب کے اعتبار سے ہے.

2 اسے اختلاف حال پر محمول کیا جائیگا، لہذا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان: " تم جماع کے علاوہ باقی سب کچھ کرو " یہ اس شخص کے متعلق ہے جو اپنے آپ پر کنٹرول رکھتا ہو.

اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان:

" آپ کو ازار اور لنگوٹ کے اوپر حق ہے " یہ اس شخص کے متعلق ہے جو قلت دین یا قوت شہوت کی بنا پر اپنے اوپر کنٹرول نہ رکھتا ہو "

دیکھیں: الشرح الممتع (1 / 417).

واللہ اعلم .